رامپور رضا لائبریری مونوگراف (بزبان انگریزی)

مؤلف: ڈاکٹر وقار الحسن صدیقی

ناشر: رامپور رضا لائبریری رامپور

ضخامت: ۵۰ صفحات سنہ اشاعت: ۱۹۹۸ء

مُبصّر: نجم الاسلام

آرٹ پیپر پر چھپی ہوئی اور رنگین تصویری مواد سے مزین بڑے سائز کی یہ کتاب رامپور رضا لائبریری کے ذخیرۂ مخطوطات کے نوادر اور مُصوّری کے نمونوں کا ایک دل کش تعارف نامہ ہے، جس میں ،، عکس شامل ہیں اور ان سے متعلق، مؤلف کی تصریحات بھی پیش کی گئی ہیں، جن سے اس لائبریری کے مخطوطات اور قلمی تصاویر کی ندرت و اہمیت بخوبی نمایاں ہو کر سامنے آتی ہے۔ علاوہ ازیں نادر اشیاء اصطرلاب، گلوب وغیرہ کے قدیم نمونوں کی، جو لائبریری کے ذخیرۂ نوادر میں شامل ہیں، رنگین تصاویر بھی مع ضروری تصریحات کے شامل ہیں۔ مختصر یہ کہ کتاب والیانِ ریاستِ رام پور کے قائم کردہ کتاب خانے کے نوادر کا بھرپور تعارف پیش کرتی ہے، اور ظاہر کرتی ہے کہ عمدہ طور پر ان کی حفاظت کی جا رہی ہے۔ کتاب کے مؤلف ایک تجربہ کار ماہرِ آثارِ قدیمہ، آرٹ ہسٹورین اور ماہرِ کتبات ہیں اور آج کل افسر بکارِ خاص کی حیثیت سے اس عظیم کتاب خانے کی نگرانی پر مامور ہیں۔ مولانا امتیاز علی خاں عرشی جیسے ممتاز فاضل، ماہرِ علومِ اسلامی و عربی و فارسی اور مخطوطہ شناس کے بعد، اب آثارِ قدیمہ، اور آرٹ ہسٹری اور علم کتبات میں مہارتوں کے حامل نگراں سے اس عظیم الشان کتاب خانے کے حق میں بہتری کی بہت کچھ توقعات رکھی جائیں تو بے جا نہ ہوگا جیسا کہ عملاً اس زیرِ تبصرہ کتاب کی تالیف و اشاعت سے بھی بخوبی ظاہر ہے۔